کتاب کانام : اردو عربی کے لسانی رشتے

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر احسان الحق

ناشر : قرطاس ۲۰۰۵ء محولہ بالا

قیمت وصفحات : ۱۰۰ روپے، ۱۵۱ صفحات

ڈاکٹر صاحب جامعہ کراچی کے شعبہ عربی کے پروفیسر ہیں ملک و بیرون ممالک اسلامی موضوعات پر لیکچر دیتے رہتے ہیں لسانیات کے حوالہ سے یہ کام بہت اہمیت کا حامل ہے بالخصوص اردو عربی کے روابط کے حوالہ سے کتاب میں گہرائی کے ساتھ جائزہ لیا گیا ہے۔ پہلا باب اردو کے مآخذ، دوسرا عربی کے مآخذ گہرائی اور وسعت چوتھا پانچواں باب تاریخی، حرفی وصوتی روابط کا احاطہ کرتا ہے چھٹا باب قواعد پر مشتمل ہے آخری باب مفردات کے جائزہ پر مشتمل ہے

دنیا میں لسانیات کے ماہرین مختلف قومی وبین الاقوامی زبانوں کے روابط پر کام کر چکے ہیں عربی زبان میں اس موضوع پر مسلم وغیر مسلم اسکالرز کے متعدد کام شایع ہو چکے ہیں

اردو میں اس کتاب نے بہت حد تک اس ادبی تقاضہ کو پورا کیا ہے۔ عربی زبان وادب کے طالب علم کیلئے مفید کتاب ہے آخر میں اردو عربی انگریزی مآخذ بھی پیش کر دیئے گئے ہیں

کتاب کا نام : جدید مالیاتی نظام کا اسلامی تصور

مصنف : ترتیب مولانا سید نصیب علی شاہ الهاشمیؒ

محقق : تحقیق وتخریج مفتی نعمت اللہ حقانی / مفتی عظمت اللہ بنوی

ناشر : المرکز الاسلامی بنوں صوبہ سرحد

قیمت وصفحات : صفحات ۳۱۹۔ قیمت ۲۲۰ روپے

مارچ ۲۰۰۳ء اسلام آباد میں چوتھا فقہی سیمینار منعقد ہوا جس میں ملک بھر سے چیدہ چیدہ مفتیان کرام ڈاکٹرز، پروفیسرز اور علماء و محققین نے اپنے تحقیقی مقالات پیش کئے مالیات ومعاش ایسا موضوع ہے جو ہر فقہ کی کتاب میں کتاب البیوع کے نام سے موجود ہے۔ اس موضوع پر مستقل